**05.04.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... محمد عمار

**Music**

☆ بھارت اور سری لنکا نے تجارت، توانائی اور دفاع کے شعبوں میں سمجھوتوں پر دستخط کئے ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کولمبو میں سری لنکا کے صدر انورا کمارا دِسا نائیکے کے ساتھ باہمی بات چیت کی ہے۔

☆ وزیر اعظم نے کہا ہے کہ سری لنکا ، بھارت کی ''پہلے پڑوسی'' کی پالیسی اور SAAGAR پالیسی میں ایک خصوصی مقام رکھتا ہے۔

☆ سری لنکا نے وزیر اعظم مودی کو Mithra Vibhushana سے سرفراز کیا ہے۔

☆ BSF نے جموں بین الاقوامی سرحد سے متصل علاقے میں ایک پاکستانی درانداز کو ہلاک کرکے جموں و کشمیر میں دراندازی کی کوشش کو ناکام بنا دیا۔

☆ عالمی ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ صدر ٹرمپ کی جانب سے عائد کردہ محصول کے بعد امریکہ میں کساد بازاری آسکتی ہے۔

☆ نشانے بازی میں، صِفت کور سَمرا نے، ارجنٹینا میں ISSF عالمی کپ میں، خواتین کے 50 میٹر رائفل کے، تین پوزیشن والے مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

☆ اور آج IPL کرکٹ ٹورنامنٹ میں چنئی میں ، چنئی سُپر کنگس کا مقابلہ ڈیلی کیپٹلس سے ہوگا، جبکہ راجستھان رائلس چنڈی گڑھ میں پنجاب کنگس کا سامنا کرے گی۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے...........

**PM-SRI LANKA**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کولمبو میں سری لنکا کے صدر انورا کُمارا دِسا نائیکے کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کی ہے، جس کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان کلیدی اور ترقیاتی شراکت داری کو تقویت دینا ہے۔ دونوں رہنماؤں کی موجودگی میں توانائی اور دفاع سمیت کئی شعبوں میں تعاون اور اشتراک کے سمجھوتوں پر بھی دستخط کئے گئے۔

سری لنکا کے صدر انورا کُمارا دِسا نائیکے نے، وزیر اعظم نریندر مودی کو Mithra Vibhushana ایوارڈ پیش کیا۔ وزیرِ اعظم مودی نے کہا کہ یہ صرف اُن کیلئے نہیں بلکہ بھارت کے تمام 140 کروڑ عوام کیلئے اعزاز ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اِس سے سری لنکا اور بھارت کے عوام کے درمیان تاریخی رشتوں اور گہری دوستی کا اظہار ہوتا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت کی ''پہلے پڑوس'' اور SAAGAR پالیسی میں سری لنکا خاص اہمیت رکھتا ہے۔

جناب مودی نے سری لنکا کے صدر، سری لنکا کی سرکار اور سری لنکا کے عوام کا شکریہ ادا کیا۔ اِس سے پہلے سری لنکا کے صدر نے کہا کہ بھارت اور سری لنکا کے درمیان بہت گہرے دوستانہ تعلقات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملک پڑوسی ملک ہیں، جن کی گہری تاریخ ہے، مذہبی اور ثقافتی رشتے ہیں اور یہ رشتے صدیوں پرانے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ باہمی مفادات، باہمی احترام اور مشترکہ اقدار پر مبنی یہ تعلقات وقت کی کسوٹی پر کھرے اترے ہیں۔ اِس سے پہلے وزیر اعظم نریندر مودی کا کولمبو کے Independence Square میں شاندار استقبال کیا گیا۔ وزارتِ خارجہ نے اِس استقبال کو ایک خصوصی موقع سے تعبیر کرتے ہوئے کہا ہے کہ پہلی بار سری لنکا نے کسی غیر ملکی مہمان کا اِس طرح استقبال کیا ہے۔ 2014 سے وزیر اعظم مودی کا سری لنکا کا یہ چوتھا، جبکہ جناب دِسا نائیکے کے صدر بننے کے بعد سے یہ پہلا دورہ ہے۔ x

## PM-CABINET

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کابینہ کے ذریعہ چار ملٹی ٹریکنگ ریل پروجیکٹس اور متحرک گاؤں پروگرام دوئم کو منظوری دیے جانے کے فیصلے کی ستائش کی۔ سلسلے وار سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ ملٹی ٹریکنگ ریل پروجیکٹس سے ملک کے ڈھانچہ جاتی رابطے میں بہتری، سہولت کو فروغ، لاجسٹکس کی لاگت میں کمی اور سپلائی چین کو تقویت ملے گی۔ جناب مودی نے کہا کہ متحرک گاؤں پروگرام دوئم ہمارے سرحدی گاؤں کے معیار زندگی کو یقینی بنانے کے لیے ایک غیر معمولی خبر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس منظوری سے حکومت متحرک گاؤں پروگرام اول کے دائرہ کار کو اور وسیع کر رہی ہے۔x

## J&K-PAK INTRUDER SHOT DEAD

جموں وکشمیر میں کل دیر گئے رات جموں بین الاقوامی سرحد سے متصل علاقے میں ایک پاکستانی درانداز کو گولی مار کر ہلاک کردیا گیا۔ آکاشوانی جموں کے ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ سرحدی حفاظتی فورس BSF جموں کے تعلقات عامہ کے افسر کے مطابق 4 اور 5 اپریل کی درمیانی رات کو جموں کے سرحدی علاقے میں ایک درانداز کو بین الاقوامی سرحد عبور کرتے ہوئے دیکھا گیا۔ اس درانداز کو RS Pura سیکٹر میں سرحدی چوکی پر ہلاک کردیا گیا۔ دراندازی کے پیچھے کے مقصد کا پتہ لگایا جارہا ہے۔ پاکستانی رینجرس سے اس سلسلے میں شدید احتجاج درج کیا گیا ہے۔x

**J&K EMPOWERMENT SCHEMES**

جموں وکشمیر میں مالی برس 2024-25 کے دوران خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے بھارت سرکار کے مرکز اسکیم کے تحت 28 ہزار سے زیادہ خواتین نے مالی امداد حاصل کی۔ خواتین اور بچوں کی بہبود کی وزارت کی جانب سے جاری کئے گئے اعدوشمار کے مطابق یہ تعداد مذکورہ اسکیم کی رسائی میں بڑے پیمانے پر اضافے کو ظاہر کرتی ہے۔ 2023-24 کے دوران جموں وکشمیر میں 24 ہزار 574 خواتین کو مالی امداد حاصل ہوئی، جبکہ 2022-23 کے دوران 17 ہزار 110 خواتین کو مالی امداد حاصل ہوئی تھی۔ اسی طرح 2024-25 کے دوران ایک لاکھ 41 ہزار سے زیادہ خواتین کو پردھان منتری ماترو وَندنا یوجنا PMMVY کے تحت فائدے حاصل ہوئے۔ اس اسکیم کے تحت حاملہ خواتین اور دودھ پلانے والی ماؤں کو مالی مدد فراہم کی جاتی ہے۔×

**SONOWAL-MARITIME WALKATHON**

مرکزی وزیر سربانند سونووال نے آج نئی دلّی میں 62 ویں قومی بحری دن کے موقع پر بحری بیداری واکاتھون کو جھنڈی دکھائی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ ہر شہری کو بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کیلئے اپنا تعاون پیش کرنا چاہیۓ اور کردار ادا کرنا چاہیۓ۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ اگر ملک کو دنیا میں سب سے زیادہ طاقت وَر بحری قوت بنانا ہے، تو آج کے نوجوانوں کو ایک اہم رول ادا کرنا ہوگا۔ جناب سونووال نے اُجاگر کیا کہ بھارت کا بحری شعبہ ملک کی معیشت کا ایک کلیدی ستون ہے، جس کی شاندار تاریخ کئی صدیوں پر محیط ہے۔×

**PM-MARITIME DAY**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج قومی بحری دن کے موقع پر بھارت کی مالا مال اور شاندار بحری تاریخ کو یاد کیا۔ سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں ویڈیو مشترک کرتے ہوئے جناب مودی نے ملک کی تعمیر میں بحری سیکٹر کے ذریعہ ادا کئے گئے رول کو اُجاگر کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت بھارت کی ترقی کیلئے بحری شعبے اور بندرگاہوں کو مستحکم کرنے کے عمل کو جاری رکھے گی۔×

**PM-JAGJIVAN RAM**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ملک کے سابق نائب وزیر اعظم بابو جگ جیون رام کے یومِ پیدائش پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ محروم و مظلوم طبقوں کے حقوق کیلئے ان کی زندگی بھر کی جدوجہد سے ہمیں ہمیشہ تحریک ملتی رہے گی۔×

**US-TARIFFS-GLOBAL ECONOMY**

امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی طرف سے مختلف ملکوں پر ٹیرف محصول بڑھائے جانے کے بعد عالمی بازار میں افراتفری پھیل گئی ہے۔ کئی ملکوں نے اِس ٹیرف کے مدنظر جوابی کارروائی کی ہے، جس کے بعد امریکہ کے حصص بازار میں حصص بھاؤ تیزی سے گِر گئے۔ ماہرین کو اندیشہ ہے کہ ٹیرف کے بڑھانے سے امریکہ میں کساد بازاری آسکتی ہے۔ دوسری طرف امریکہ کے ایک ماہرِ اقتصادیات Jonathan Pingle نے کہا ہے کہ باقی دنیا سے امریکہ کی درآمدات میں 20 فیصد سے زیادہ کمی آسکتی ہے۔ x

**MANOJ KUMAR**

آزمودہ کار فلم اداکار اور ہدایت کار منوج کمار کی آخری رسوم آج ممبئی میں پون ہنس شمشان گھاٹ پر پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی گئیں۔ کل ممبئی کے ایک پرائیویٹ اسپتال میں ایک طویل علالت کے بعد اُن کا انتقال ہوگیا تھا۔ امیتابھ بچن، پریم چوپڑہ، سلیم خان اور رضامراد سمیت بھارتی فلم انڈسٹری کے متعدد اداکار اور اہم شخصیات اُن کا آخری دیدار کرنے کیلئے وہاں موجود تھیں۔ اُن کی پیدائش ایبٹ آباد میں 24 جولائی 1937 کو ہوئی تھی۔ ہری کشن گوسوامی اُن کا نام رکھا گیا تھا۔ بعد میں وہ شہید بھگت سنگھ کی زندگی پر مبنی فلم 'شہید' سے اپنی منفرد شناخت قائم کرکے فلم انڈسٹری میں منوج کمار کے نام سے شہرت کی بلندیوں پر پہنچے۔ اُن کی زیادہ تر فلمیں حب الوطنی کے جذبے پر مبنی تھیں۔ یہ فلمیں بہت مقبول ہوئیں اور لوگوں نے انہیں کافی سراہا۔ فلم انڈسٹری اور مداحوں کی جانب سے انہیں بھارت کمار کا خطاب ملا۔ ان کی مشہور فلمیں، اُپکار، پورب اور پچھّم اور کرانتی ہیں۔ ان فلموں میں قومی افتخار اور اتحاد کے جذبے کو پیش کیا گیا تھا۔×

**IMD-WEATHER**

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے بھارت کے شمال مشرقی علاقوں میں اگلے 4 سے 5 دن تک گرمی کے حالات کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق اگلے دو دن تک ہماچل پردیش کے دور دراز علاقوں میں گرمی کے حالات برقرار رہنے کا امکان ہے، جبکہ دلّی، ہریانہ، راجستھان، مغربی اترپردیش، پنجاب اور گجرات میں اس مہینے کی 9 تاریخ تک اسی طرح کے حالات جاری رہنے کا امکان ہے۔ اِدھر گجرات میں اس مہینے کی 10 تاریخ اور کونکن اور گوا میں 9 تاریخ تک گرمی اور حبس کے حالات برقرار رہیں گے۔ اس دوران IMD نے کیرالہ، ماہے، تمل ناڈو، کرناٹک کے جنوبی اندرونی علاقوں، آسام اور میگھالیہ میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔×

## SHOOTING ISF WORLD CUP

ارجنٹینا کے Buenos Aires میں جاری ISSF عالمی کپ میں بھارتی نشانے باز صِفت کور ثمرا نے خواتین کے 50 میٹر رائفل تھری پوزیشن مقابلوں میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ 23 سالہ پیرس اولمپئن صِفت نے فائنل میں 458 اعشاریہ 6 کی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پہلا عالمی کپ گولڈ میڈل اپنے نام کیا۔ دوسری جانب ایشائی کھیلوں میں تمغہ جیتنے والے نشانے باز چَین سنگھ نے مردوں کے مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیت کر بھارت کا کھاتہ کھولا ہے۔ چَین سنگھ نے مردوں کے 50 میٹر رائفل تھری پوزیشن مقابلوں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ISSF میں زبردست واپسی کی ہے۔ 35 سالہ اولمپک کھلاڑی نے فائنل میں سخت مقابلہ کرتے ہوئے 443 اعشاریہ 7 اسکور کی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔×

## IPL-CRICKET

IPL ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں، آج چنئی میں سہ پہر ساڑھے تین بجے ڈیلی کیپیٹلس کا مقابلہ چنئی سُپر کنگس سے ہوگا، جبکہ چنڈی گڑھ میں شام ساڑھے سات بجے راجستھان رائلس کا سامنا پنجاب کنگس سے ہوگا۔

کل رات لکھنؤ کے Ekana کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں میزبان لکھنؤ سُپر جائنٹس نے ممبئی انڈینس کو 12 رن سے ہرایا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے لکھنؤ سُپر جائنٹس نے مقررہ 20 اوورس میں 8 وکٹ پر 203 رن بنائے۔ جواب میں، ممبئی انڈینس، مقررہ 20 اوورس میں 5 وکٹ پر 191 رن ہی بنا سکی۔×

## WOLRD CUP BOXING

برازیل میں جاری مکے بازی کے عالمی کپ 2025 میں بھارت کے ابھیناش جاموال 65 کلوگرام زمرے کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ کل رات جاموال نے اٹلی کے مکے باز Gianluigi Malanga کو پانچ- صفر سے شکست دی۔ آج فائنل میں بھارتی مکے بازی کا مقابلہ برازیل کے Yuri Reis سے ہوگا۔ مردوں کے 70 کلوگرام زُمرے کے فائنل میں بھارت کے ہتیش کا مقابلہ انگلینڈ کے Odel Kamara سے ہوگا۔ ہتیش نے جمعرات کو سیمی فائنل میں فرانس کے مکے باز Makan Traore کو پانچ-صفر سے ہرایا تھا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆